## بلوچ قوم کی مختلف برادریوں کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کی متحدہ میں شمولیت

کراچی۔۔۔27، ستمبر 2007ء۔لیاری نو آبادکاری پروجیکٹ تیسر ٹاؤن میں مقیم بلوچ قوم کی مختلف برادریوں کے 150 سے زائد نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت عرض محمد گوٹھ تیسر ٹاؤن میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ، حق پرست رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ، اراکین نوید یوسفی اور فرخ اعظم نے شرکت کی۔قبل ازیں عرض محمد گوٹھ میں ایم کیوایم کے رابطہ آفس کا افتتاح کیا گیا۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 60 برسوں سے غریب بلوچ عوام کو سیاسی مفادات کے لئے استعمال کیا جاتا رہا ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کے دعوے کرنے والے اپنے خاندانی مسائل کے حل میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد رہنما ہیں جنہوں نے اپنے عمل و کردار سے ثابت کیا ہے کہ وہ غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے ترجمان ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کو اپنی نجات دہندہ تسلیم کررہی ہے۔قبل ازیں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحدہ قومی موومنٹ کسی فرد یا خاندان کے مفاد کیلئے نہیں بلکہ ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے اجتماعی حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد کا خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد بھی پیش کی۔اجتماع سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم پرامن جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے دم لے گی اور غریب و متوسط طبقے کی ایم کیوایم میں شمولیت فرسودہ نظام کے خلاف اعلان جنگ ہے۔

## گندم کی برآمد پر پابندی عائد کی جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔27، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک میں آٹے کے بحران کا فوری نوٹس لیا جائے اور گندم کی برآمد پر پابندی عائد کی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے موقع پر ملک بھر میں آٹے کا بحران غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو گراں فروشی اور مالی مشکلات کا شکار کرنے کی گھناؤنی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا مفاد پرست عناصر کی جانب سے گندم کی ذخیرہ اندوزی کے باعث ملک بھر میں آٹے کا بحران پیدا کرکے ایک مرتبہ پھر ثابت کردیا گیا ہے کہ مفاد پرست عناصر اپنے مالی مفادات کیلئے غریب عوام کو آٹے جیسی سہولت سے بھی محروم کرنا چاہتے ہیں۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر جنرل پرویز مشرف، وزیراعظم شوکت عزیز اور وفاقی کابینہ سے مطالبہ کیا کہ ملک بھر میں آٹے کے بحران کا فوری نوٹس لیا جائے، گندم کی برآمد پر پابندی عائد کی جائے اور رمضان المبارک میں ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم نے بلوچستان میں انتخابات کے سلسلے میں صوبائی سطح پر الیکشن کمیٹی تشکیل دیدی

## کوئٹہ میں ایم کیوایم بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان کا اجلاس

کوئٹہ۔۔۔27، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان کا اہم اجلاس ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی آفس واقع کوئٹہ میں ہوا جس میں آئندہ ہونے والے عام انتخابات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔اجلاس کی صدارت ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی نے کی۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عام انتخابات میں بلوچستان بھر سے حق پرست امیدوار کھڑے کئے جائیں گے۔اجلاس میں عام انتخابات کے سلسلے میں صوبائی سطح پر ایک الیکشن کمیٹی بھی تشکیل دی گئی۔الیکشن کمیٹی کے انچارج عبدالحئی بنگلزئی اور اراکین میں ملک عبدالرحمٰن دہوار، نعیم احمد خان، ملک جنت گل کاکڑ، سید سلیم اختر اور شاہ حسین شامل ہیں۔ایم کیوایم بلوچستان صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی نے اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا کہ نتائج کی پرواکئے بغیر بلوچستان کی تمام نشستوں پر ایم کیوایم کے امیدوار نامزد کئے جائیں گے اور الیکشن مہم کے دوران بلوچستان کے عوام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ ملک بھر میں غریب و متوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے بھرپور جدوجہد کی جائے گی۔

## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے کارکن رئیس کو تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا گیا

کراچی ۔۔۔27، ستمبر 2007ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 194/195 کے کارکن رئیس ولد عبدالحمید کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ فراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## جماعت اسلامی ایک طرف استعفوں کا راگ الاپ رہی ہے اور دوسری طرف صدارتی امیدوار کھڑا کر رہی ہے، حق پرست اراکین سینیٹ

جماعت اسلامی جانتی ہے کہ آئندہ عام انتخابات میں ملک کے عوام انہیں شرمناک شکست دینے والے ہیں

کراچی ۔۔۔27، ستمبر 2007ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سینیٹ نے کہا ہے کہ آج جماعت اسلامی کے رہنما قاضی حسین احمد دہائیاں دے رہے ہیں کہ ''ہم سڑکوں پر مار کھا رہے ہیں اور قوم ٹی وی پر تماشا دیکھ رہی ہے'' انہوں نے کہا کہ قاضی حسین احمد اور جماعت اسلامی کے دیگر رہنماء قوم کو پہلے یہ جواب دیں کہ جب سندھ کے شہری علاقوں میں فوجی آپریشن کے نام پر عوام کا قتل عام کیا جا رہا تھا تو جماعت اسلامی نہ صرف اس فوجی آپریشن کی حمایت کر رہی تھی بلکہ عوام کے قتل عام پر مٹھائیاں بانٹ رہی تھی اور جماعت اسلامی کے رہنما مخبریاں کر کے کراچی کے نوجوانوں کا قتل عام کروا رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ مشرقی پاکستان میں فوجی آپریشن کے دوران جماعت اسلامی نے البدر الشمس جیسی دہشت گرد تنظیمیں بنا کر ہزاروں بنگالی مسلمانوں کا قتل عام کیا اور ہزاروں بنگالی مسلمان خواتین کی عصمت دری کی۔ ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی پر جماعت اسلامی نے مٹھائیاں بانٹیں اور جنرل ضیاء الحق کے ساتھ مل کر اندرون سندھ عوام کا قتل عام کروایا۔ حق پرست سینیٹرز نے کہا کہ جماعت اسلامی کے یہ سیاہ کرتوت تاریخ کا حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی جماعت اسلامی کی منافقانہ سیاست عوام کے سامنے آچکی ہے کہ ایک طرف وہ استعفوں کے راگ الاپ رہے ہیں اور دوسری طرف صدارتی امیدوار کھڑا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی اس مکروہ اور منافقانہ سیاست کی وجہ سے نہ صرف ملک بھر کے عوام اس جماعت کو مسترد کر چکے ہیں بلکہ آج جماعت کے اتحادی بھی اس کا ساتھ چھوڑ رہے ہیں۔ حق پرست سینیٹرز نے کہا کہ جماعت اسلامی والے کتنی ہی منافقت کر لیں لیکن انہیں پتہ ہے کہ آئندہ عام انتخابات میں ملک کے عوام انہیں شرمناک شکست دینے والے ہیں۔

## ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس نے حق پرست عوامی نمائندوں کو ملنے والے ٹیلی فون کوٹے اور حج کوٹے کو قرعہ اندازی کے ذریعے عوام میں تقسیم کیا، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔27، ستمبر 2007ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی جانب سے حق پرست ارکان سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلی کو ملنے والا حج کوٹہ قرعہ اندازی کے ذریعے عوام میں تقسیم کرنے کا عمل اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس نے حق پرست عوامی نمائندوں کو ملنے والے ٹیلی فون کوٹے اور حج کوٹے کو قرعہ اندازی کے ذریعے عوام میں تقسیم کیا ہے اور آج تک کسی سیاسی ومذہبی جماعت نے اس طرح عوامی نمائندوں کو ملنے والی مراعات عوام میں تقسیم نہیں کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں عوام سے ہمدردی کے بلندوبانگ دعوے تو کرتی ہیں لیکن ان کے نمائندوں نے آج تک غریب عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے کسی بھی قسم کے عملی اقدامات نہیں کئے جس سے صاف ظاہر ہے کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کو غریب عوام کے مسائل کے حل سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں کو ملنے والے ٹیلی فون کوٹے کے بعد حج کوٹے کی عوام میں تقسیم اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم عوام کی سچی ہمدرد جماعت ہے جو عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملاً کوشاں ہے۔

☆☆☆☆☆